دھابے دھوڑے

حسن رضا گردیزی

Scanned with CamScanner

مصنف : حسن رضا گردیزی

کتاب کا نام: دھابے دھوڑے

پریس : ہمدرد پریس

پبلشر: محمد جمیل

قیمت: پچاس روپے

شعر نہ تحقیقاں دا حاصل شعر نہ علم کوں گولے

شعر تنڑاداں رُوح دیاں چھکّے شعر کتاب نہ پھولے

فہرست عنوانات

نمبر شمار	فہرست عنوانات	صفحہ نمبر
۱	العلم حجاب الاکبر	۴۵
۲	بندی خانہ	۴۷
۳	وچھوڑا	۵۰
۴	فدار	۵۲
۵	مجبوری	۵۴
۶	تنہائی	۵۶
۷	تیڈیاں یاداں	۵۸
۸	بحضور عشق	۶۰
۹	سرکس	۶۱
۱۰	تیڈے باجھوں	۶۲
۱۱	حضرت بہاؤالدین زکریاؒ	۶۳
۱۲	چٹے بدل	۶۵
۱۳	میاں مٹھو	۶۷
۱۴	اج دی رات	۶۸
۱۵	اقبال	۷۲
۱۶	انتظار	۷۴
۱۷	تیڈے بغیر	۷۵
۱۸	شعر تے شاعر	۷۶
۱۹	پرانا قلعہ	۷۷
۲۰	شرمندگی	۷۹
۲۱	نوکر دا بچہ	۸۱
۲۲	ترجمہ غزل امیر خسرو علیہ الرحمتہ	۸۳
۲۳	دل دے راز	۸۴
۲۴	اوکھا پینڈا	۸۶
۲۵	سنجیاں سالہیں	۸۸
۲۶	ڈونگریاں	۹۰
۲۷	کچا بیٹ	۹۲
۲۸	اظہار	۹۴
۲۹	سوچاں	۹۵
۳۰	رات دا راہی	۹۶
۳۱	تھل دیاں کھجیاں	۹۹
۳۲	بت پرست	۱۰۱
۳۳	حضرت خواجہ غلام فریدؒ	۱۰۳
۳۴	اے انسان	۱۰۵
۳۵	اپنڑے وطناں تے	۱۰۷
۳۶	لکھ شکرانے	۱۰۹
۳۷	قیدی سوچاں	۱۱۱
۳۸	نتیجۂ نظم	۱۱۳
۳۹	ترجمہ غزل از اقبالؒ	۱۱۵
۴۰	آدم دی اولاد دیاں نظراں	۱۱۶
۴۱	اج توں لکھاں صدیاں پہلے	۱۱۹
۴۲	چھنھاں دیاں لہراں	۱۲۱

پیش لفظ

پروفیسر عاشق محمد خان درانی، صدر بزم ثقافت ملتان

بزمِ ثقافت ملتان انتہائی فخر وانبساط کے ساتھ جناب سید حسن رضا گردیزی صاحب کی سرائیکی نظموں کے پہلے مجموعے کو منظرِ عام پر لا رہی ہے۔ موصوف کی ذات گرامی محتاجِ تعارف نہیں ہے۔ انہیں فارسی زبان کے ساتھ گہری دل بستگی اور انگریزی ادب کے بیکراں مطالعے نے مشرقی اقدار سخن کی لطافتوں کے علاوہ شعر و ادب کے جدید رجحانات سے کماحقہ، متعارف کرایا ہے اور اس کے نتیجے میں انہوں نے سرائیکی نظم کے لئے نئی راہیں متعین کی ہیں۔

علامہ الیاس عشقی کے بصیرت افروز دیباچے اور ڈاکٹر شیکل کے مختصر انگریزی تعارف کے بعد میرے لئے کوئی جائے تنقید باقی نہیں رہی۔ لیکن اس دعوے کی تائید میں کہ جناب حسن رضا گردیزی سرائیکی زبان کے عظیم نظم گو شاعر ہیں۔ میں ان کی چند نظموں کے اقتباسات قارئین کے سامنے پیش کرنے کی جسارت کرتا ہوں۔

جس طرح ورڈزورتھ انگریزی ادب میں منظر نگاری اور خصوصاً فطرتی مناظر کی عکاسی میں منفرد مقام رکھتا ہے اسی طرح بلکہ اس سے بھی بہتر انداز میں حسن رضا گردیزی صاحب کا کلام سرائیکی بولنے والے علاقوں کے ماحولکی تصویر کشی میں کمال دسترس کا حامل ہے۔ ان کی نظم "کچے بیٹ" میں دریائی علاقوں کے صبح کا منظر کیسا دلفریب ہے۔

Scanned with CamScanner

پار جنھاں دے کجھ بیٹ اچ
فریں کال کڑچھی بولے
روح دا چین نگاہ دی ٹھادل
نتری صاف ہوا دے جھولے
سیھ دیاں کرناں بدلے دے وچ
رنگ برنگی بانڑے کھولے
پانڑھی دیاں پھاٹاں نے پاتے
رتے، ساوے، پیلے، چولے
کھجیاں دے کجھ آیر نظر دن
سامنڑے دور سیاہیاں اُولے

والٹر ڈی لارڈ میئر انگریزی ادب کا وہ عظیم شاعر ہے جسے تصوراتی پراسرار منظر نگاری نے شہرت دوام بخشی ہے۔ جناب حسن رضا گردیزی صاحب کی نظموں میں ایسے تصوراتی اور پراسرار مناظر جگہ جگہ پر ملتے ہیں۔ "سنجیاں سالھیں" کی نظم میں ملاحظہ ہو یہ پراسرار مناظر۔

آہدن پچھلی رات دے ویلے
جاں اے ریت دے ٹبے ٹھردن
لھندے چن دیاں پیلیاں کرناں
سنجیاں سالھیں وچ آوڑدن
اسماناں توں پوہڑیاں لا کے
کئی ان جانڑ دن بندے لھندن
اوے ڈو کھجیاں لوڈے کھاندن

گھنگھرو تے پازیباں وجدن
پیلا چن تے بُڈھ دے تارے
جھمریں پیندن، وجد اچ آندن
لیکن جان دل پو پھٹڑی اے
اے سب روزگاں ویندیاں رہندن
انہاں سنجیاں سالھیں وچوں
رونون دیاں آوازاں آندن

ایک اور نظم جن کا عنوان "تنہائی" ہے اس میں جناب گردیزی صاحب اپنی تنہا راتوں کے پر کیف تاثرات کو یوں بیان کرتے ہیں

میڈے گھر نور دی برسات دے موسم ہوندن
رات کوں عرش توں پریاں دے کھٹولے لھندن
ساز پازیباں دی جھنکار دی لے تے وجدن
میڈی تنہائی دے غمخوار تے ساتھی آندن
سامنڑے تخت تے اقبال تے رومی ہوندن
میڈے پاسیاں اوتے عرفی تے نظیری ہوندن

مشرق کے ادب میں دنیا کی بے ثباتی کے موضوع پر بہت کچھ لکھا جاتا رہا ہے۔ صوفیائے کرام کے علاوہ فارسی ادب میں تقریباً تمام معروف شعراء نے اس ضمن میں بہت کچھ لکھا ہے۔ حافظ شیرازی کے اس شعر

شب صعبت غنیمت داں کہ بعد از روزگار ما
بسی گردش کند گردوں، بے لیل و نہار آرد

Scanned with CamScanner

کے پڑھنے کے بعد جناب گردیزی صاحب کے تاثرات اس ضمن میں اُن کی نظم "لج دی رات" میں قابل ملاحظہ ہوں۔

تیڈے میڈے بعد وی جانی آسن لکھ بہاراں
رنگ تے نور دیاں پینگھاں پوسن ساون مینگھ ملہاراں

تیڈے میڈے بعد وی جانی نوری راتاں آسن
ساڈے وانگ محبت والے چندر تلے آ باہسن
کیہڑا ساکوں یاد کریسی کہیں کوں کیہڑی پوسی
تیڈا میڈا ایں دنیا تے نام و نشان نہ ہوسی

غرضیکہ حسن رضا گردیزی کی نظمیں مشرق اور مغرب کے حُسن کی آئینہ دار ہیں۔ جب بھی سرائیکی ادب کے ارتقاء کی تاریخ لکھی جائے گی۔ حسن رضا گردیزی کا نام سنہرے الفاظ میں مرقوم ہو گا۔ انشاء اللہ

پروفیسر عاشق محمد خان درانی (ملتان)

دھابے تے دھوڑے

تحریر:۔ الیاس عشقی

غوث بہاؤالحق زکریا علیہ الرحمتہ کی نگری اور پاکستان کے قدیم شہر ملتان میں اپنی زندگی کے بہترین تین سال گزارنے کے بعد جب میں سوچتا ہوں کہ میں نے ادبی اعتبار سے کیا حاصل کیا تو جواب ملتا ہے کہ میں نے اپنی زندگی کے سرمائے میں تین دوستوں کی یادوں کا اضافہ کیا ہے۔ وہ دوست ہیں اردو کے شاعر اسلم انصاری، فارسی شاعرہ زبیدہ صدیقی اور نرم و شیریں زبان کے شاعر محترم دوست سید حسن رضا گردیزی جنہوں نے اپنی شاعری کے ذریعے نہ صرف سرائیکی شاعری کے سرمائے میں اضافہ کیا ہے بلکہ نئے رجحانات اختیار کر کے نئی منزلوں کی طرف جانے والے نئے راستے بھی دریافت کئے۔ زبیدہ صدیقی کی فارسی شاعری کے متعلق میں کہیں اظہار خیال کر چکا ہوں اور اب سید حسن رضا گردیزی کی شاعری پر لکھتے ہوئے میں خوشی کے سات فخر بھی محسوس کرتا ہوں۔

سید حسن رضا شاہ گردیزی ملتان کے مشہور سیدوں کے خانوادے کے ایک سر بر آوردہ فرد ہیں اور اس خاندان کے علمی اور ادبی ورثے کے سب سے زیادہ نمایاں نمائندے ہیں۔ شاہ صاحب سرائیکی تہذیب کا بہترین نمونہ، شرافت وضع داری، خوش مزاجی، مہمان نوازی اور انکسار کی

Scanned with CamScanner

اعلیٰ اخلاقی اقدار کے علمبردار ہیں فارسی، اردو اور سرائیکی، شاعری کا بہت اعلیٰ ذوق رکھتے ہیں۔ بہت اچھے مقرر اور شیریں کلام شاعر ہیں۔ سرائیکی زبان ان کے گھر کی بولی ہے اور ان کا گھر اس بولی کے معیار کی ضمانت ہے۔ جن صاحبان نے سید حسن رضا کو سرائیکی زبان میں گفتگو کرتے ہوئے دیکھا ہے وہ آسانی سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ سرائیکی زبان کتنی نرم شیریں اور پر اثر زبان ہے۔ شاہ صاحب ملتان کی مجلسی زندگی میں بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ اپنی باغ و بہار طبیعت، اپنے ادبی چٹکلوں اور منتخب اشعار کی آمیزش سے ہر محفل کی جان بن جاتے ہیں۔ شاہ صاحب بچوں میں بچے، اور جوانوں میں جوان ہیں۔ لیکن بوڑھوں میں بوڑھے نہیں ہیں۔ یوں ہر رنگ میں ان کا کوئی ثانی نہیں ہے۔ طبیعت شاعرانہ پائی ہے۔ ساری زندگی شاعری کو تفریح اور مجلس کو گرم کرنے کے لئے استعمال کرتے رہے۔ شاعری کا ذوق بہت نکھرا اور ستھرا ہے اور زندگی بھر شاعری سے گہری دل چسپی رہی ہے۔ فارسی اور اردو شاعری کے دلدادہ ہیں۔ حافظہ اتنا قوی ہے کہ اردو، فارسی اور سرائیکی کے کئی ہزار شعر شاہ صاحب کو یاد ہوں گے جن سے ضرورت کے مطابق اپنی گفتگو کو سنوارتے ہیں۔ سرکاری ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد آپ نے سرائیکی شاعری کی ابتداء کی اور تھوڑی ہی مدت میں اپنی شاعری کے ذریعے جدید رجحانات سے سرائیکی ادب کو روشناس کرایا اور ایک بلند پایہ شاعری کا معیار قائم کیا۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ آج حسن رضا گردیزی سرائیکی کے ایک نہایت ہی بلند پایہ شاعر ہیں۔

زبان کے اعتبار سے ان کی شاعری، اردو فارسی اور سرائیکی زبانوں کی بہترین روایت کا سنگم ہے۔ اور خالص سرائیکی زبان کی ایک بہترین مثال ہے۔ وہ وقت کے بنیادی اور اہم موضوع کا انتخاب کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے ان کی شاعری ایک نئے دور کی ایک نئی آواز بن گئی ہے۔ انکی بولی کا انداز عوامی ہوتے ہوئے بھی نیا اور دلکش ہے۔ وہ اپنی شاعری میں نرم اور شیریں لہجے کو ضرورت کے مطابق ایسے فن کارانہ انداز سے برتتے ہیں کہ زبان کا نیا انداز ان کی زبان کو سرائیکی زبان کے معیار اور اصلی کردار سے تجاوز نہیں کرنے دیتا۔ حسن رضا گردیزی کی طبیعت کو غزل سے بڑی مناسبت ہے۔ لیکن اس مناسبت کے باجود انہوں نے غزل بہت کم لکھی ہے۔ اصل میں وہ نظم کے مرد میدان ہیں اور ان کی طبیعت کا رچا ہوا تغزل ان کی نظموں کے تاثر کو اجاگر کرتا ہے۔ نظم میں حسن رضا گردیزی کی شاعری کا اصل جوہر نمایاں ہوتا ہے۔ ان کے خیال کا بہاؤ ان کی رواں دواں زبان کے ساتھ مل کر ایک ایسے لہجے کو جنم دیتا ہے جو شاعری کے تاثر کو دوبالا کر دیتا ہے۔

حسن رضا گردیزی اپنے پہلو میں ایک انسان دوست دل رکھتے ہیں جس میں غریبوں، لاچاروں اور مسکینوں کے لئے بے پناہ ہمدردی ہے۔ وہ انسان کے دکھ درد کو دیکھ نہیں سکتے۔ ان کا مشاہدہ اور احساس جب ان کے ہمدردی سے بھرے ہوئے دل اور ان کے بیدار دماغ سے گذر کر شعر کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ تو پڑھنے اور سننے والوں کے دلوں میں وہی جذبہ، وہی احساس اور وہی ہلچل جاگ اٹھتی ہے۔ جو شاعر کے دل میں جاگزیں رہ

Scanned with CamScanner

چکی ہے۔ اور جو اس کے احساس میں تحریک پیدا کر کے ایسے شعر کہلواتی ہے جو قاری اور سامع کے احساس کو زندہ کر دتی ہے۔ مصیبت زدہ انسان کو دیکھ کر جس طرح وہ متاثر ہوتے ہیں۔ ان کی شاعری میں اس کی نوعیت تبدیل نہیں ہونے پاتی۔ اس طرح انکی شاعری کے ایک حصے کو آہ سرد کی تفسیر سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اپنی شاعری کے پہلے مجموعے کو "دھابے تے دھوڑے" کا عنوان دیا ہے۔ لیکن ان کی شاعری کسی ایک عنوان کی پابند نہیں۔ اس میں زندگی کی سی وسعت ہے کیونکہ زندگی سے محبت اور احترام ہی نے ان کو شاعری پر اکسایا ہے۔

حسن رضا گردیزی کی نظم "نوکر دا بچہ" ایک سادہ لیکن بہت ہی پر اثر نظم ہے سادگی کے باوجود اس نظم کا ہر ہر لفظ آنسوؤں میں ڈوبا ہوا ہے اور یہ نظم مستقبل میں انسان کو بیدار اور خبردار رکھنے کی بھی ایک کامیاب کوشش ہے۔ اس نظم میں جو واقعہ بیان کیا گیا ہے وہ ہر بڑے گھرانے کی داستان ہے۔ یہ واقعہ امیر اور غریب کے رشتے کی نوعیت کو اس طرح واضح کرتا ہے کہ ایک بار سن کر ایک ایسا تاثر قائم ہوتا ہے جسے مدتوں بھلایا نہیں جا سکتا۔ نظم ایسے سادہ اور بیانیہ انداز میں شروع ہوتی ہے کہ یہ اندازہ ہی نہیں ہوتا کہ اس کی انتہا کیا ہو گی اور اس کی مار کہاں تک ہے۔ نظم روایتی انداز میں اس طرح شروع ہوتی ہے۔

"ہک بیوہ نوکر دا بچہ بھولا بھالا ترہیں ورھیاں دا۔ سر اچ مٹی، ننگ دھڑنگا، سر توں ننگا، پیروں ننگا، جم دیوں روندا، جم دیوں ڈکھا، چھوٹی عمراں پیاز دا بکھا، مادے پچھوں ٹر دا رہوے، سایہ تھی کے یھر دا رہوے،

ماء دی "جھولی کوں سدھراں دا، ڈھاندا پوندا تھڈے کھاندا۔" بچے کی ماں ایک مالدار گھر کی ملازمہ ہے۔ اس کو کام سے فرصت ہی نہیں ملتی کہ اپنے اکلوتے بچے کو ماں کا پیار دے سکے۔ وہ اس یتیم بچے کے مستقبل کو سنوارنے کے لئے سخت محنت کرتی ہے۔ انتہائی جبر میں اپنے دل پر پتھر رکھ کر بچے سے بظاہر لاپرواہی برتتی ہے۔ یہ بے چاری جس تکلیف اور عذاب سے گذرتی ہے اسے کوئی نہیں جانتا۔ لیکن آخر ماں ہے۔ جب ذرا سی فرصت ملتی ہے اور بچہ اس کے قریب آجاتا ہے تو اس کی حالت کیا ہوتی ہے۔ اس کا بیان شاعر کے الفاظ میں پڑھیئے۔

ماء نکلے تے کپڑے دھودے، ایہہ وی پچھوں آن کھڑودے۔ مامتا دا پرچھاواں گولے، دُھپ اچ ٹھڈیاں چھاواں گولے۔ گھر اچ ماء جے جھاڑو پھیرے۔ ایہہ وی پچھوں چاوے پھیرے۔ بھانویں ماء لکھ واری کھپے پچھوں آوے دھوڑاں جھپے۔

ماں اور بچہ دونوں مجبور ہیں لیکن ماں کی خاموشی اور صبر کا امتحان سخت ہے۔ بچے دا دل پیار تے منگے ماء نمانی بول نہ سنگے۔ بکھی مامتا جھولا کھا کے پلکاں تے دھوڑاں کوں چاکے۔ کہیں ویلے ماء گل چالاوے۔ اوں ویلے ڈوڑا کر لاوے۔

لیکن گھر کی مالکہ کے لئے تو ملازمہ صرف ملازمہ ہے۔ ماں اور انسان نہیں ہے۔ وہ جب دیکھتی ہے کہ ملازمہ اپنے بچے کو پیار کر رہی ہے تو غصے سے لال پیلی ہو جاتی ہے اور غریب بیوہ عورت پر برس پڑتی ہے۔

اچل چیت ہک بجلی ڈھاوے۔ بیگم گھر کوں سر تے چاوے "چوہرا

تیکوں شرم نی آندی اِن ڈھلکاں دی اُن پھلاندی۔ شام نہ تھی وی جھاڑو
ڈیندیں پال کھڈیندے لاڈ کریندے روز دامرنا نئیں بھنگیندا تیڈے کولوں
کم نئیں تھیندا۔ رکھ گھنساں کئی پئی نوکر کوں چھوڑ ڈے نوکری بھج ونج گھر
کوں۔

بے چاری مامتا کی ماری مجبور عورت کو مالکہ کا غصّہ اپنے معصوم بچّے پر اتارنے کے سوا اور کوئی چارہ نہیں رہتا۔ اور وہ اپنی ذلت کی جھلاہٹ اپنے پیارے بچّے پر ظاہر کرتی ہے اور مالکہ کے غصّے کو کم کرنے کے لئے یہ غریب اور لاچار عورت اپنے بچّے کو تھپڑ مارتی ہے اور بڑی عاجزی کے ساتھ مالکہ سے کہتی ہے۔

"بی بی"! میڈا کئی گھر کے نی۔" "خیر اتھاں وی لنگر کے نی"
"روٹی کھانویں، کپڑے پانویں" "کم دے ویلے بال کھڈاویں"

بے چاری مامتا کی ماری مجبور عورت غصے کا ہدف اپنے لختِ جگر کو بناتی ہے۔ وہ لختِ جگر جس کے لئے وہ اتنی ذلت برداشت کر رہی ہے اسے بے گناہی کی سزا اس طرح دیتی ہے۔

ایں منزل تے مامتا ہارے ماء بچڑے کوں چاٹاں مارے۔ جیہڑے ویلے مار کھڑودے۔ آپ وی روودے بال وے رووے۔

اس واقعہ کے بیان کے بعد شاعر اُن بچوں کی نفسیاتی کیفیت پر روشنی ڈالتا ہے جو ایسے ماحول میں پرورش پاتے ہیں اور ظاہر کرتا ہے کہ ایسے بچے بڑے ہو کر ایک خاص ذہنیت اختیار کرتے ہیں۔ جو سماج کے لئے خطرناک اور مہلک ہو سکتی ہے۔ شاعر کے بیان کی روانی زور بیان زبان کی سادگی ایسے مواقع پر قابل دید ہوتی ہے۔

جھڑکاں کھاندا، نیرو ہیندا، جے اے بچہ رہ گیا جیندا۔ ایہہ نبڑسی انسان دا دشمن، مال دا دشمن جان دا دشمن۔ ایں دے دلوچ رحم نہ ہوسی، ایہہ سڑکاں تے بندے کوہسی، بئے مُلکاں تے ونج وچیسی، ایہہ لوکاں دے بچے چے سی۔ اپنا بچپن یاد کریسی ایہہ ماڑیاں کوں بھائیں لیسی، جے کچھ ایں دے ہتھ اچ آیا، ایہہ بن سی عزرائیل دا سایہ۔

حسن رضا گردیزی جانتے ہیں کہ ایسے معاشرے میں جہاں امیر اور غریب کی ذہنیت میں اتنا خطرناک فرق نظر آتا ہے۔ مالدار طبقہ بھی اندر سے جھوٹا ہوتا ہے۔ اسی تضاد کو اپنی ایک لاجواب نظم "میاں مٹھو" میں حسن رضا گردیزی نے سچائی اور تاثر کے ساتھ بیان کیا ہے۔

جن لوگوں کو اپنے گھر میں طوطے پالنے کا تجربہ ہو گا وہ اس نظم کی خوبصورتی اور بھرپور طنز کو زیادہ آسانی سمجھ سکتے ہیں۔

پنجرے دے وچ میاں مٹھو مٹھڑے پول سُنڑاوے، کوئی اوکوں چوری گھتے، کوئی مغز کھپاوے، ہکا گابل کرے تے اوکوں سو واری دُہراوے۔ رج کھاوے دیاں ماراں طوطا انپڑا آپ بُھلاوے۔ ہک معمول پیکھی تھی کے بندیاں وانگ الاوے

جو آدمی طوطے کو بولنا سکھاتا ہے۔ طوطا اس کی نقل کرتے کرتے ایک دن انسان کی طرح بولنے لگتا ہے۔ بس اسی مقام سے شاعر اپنے اصل مقصد کی طرف لوٹتا ہے۔

لیکن جیہڑے ویلے بِلی پنجرے کولوں آوے
انپڑی اصلی بولی بولے اصل روپ دکھاوے
چنج کرے اسمان دے پاسے ٹیں ٹیں تے وس لاوے

Scanned with CamScanner

شاعر کیسے خوبصورت انداز میں فطرت پر روشنی ڈالتا ہے اور بتاتا ہے کہ فطرت اور جبلت کا بدلنا ممکن نہیں۔ شاعر کہتا ہے کہ بہت سے انسان ایسے ہی طوطوں کی طرح ہوتے ہیں۔

ایویں سوکھے ویلے بندا سو سو ویس وٹاوے
تچے، ٹپے، درہکے، بھجے، پٹھیاں چنگیاں چاوے
وہسکی دے ڈو پیگ لڑا کے جاں بولن تے آوے
لینن مارکس تے انجلز دیاں ہر گاہل اچ گتیاں گادے
ناٹ چھکے نکٹائی دی، مزدوراں دے غم کھاوے
آخر ہر ہک گاہل انپیڑی، الحاد تے آن مکاوے

ایسے لوگ اس دور میں ایک مخصوص طبقے میں پائے جاتے ہیں جب ان کو زندگی میں تھوڑی بہت تکلیف ہوتی ہے۔ تو ان کا حال بدل جاتا ہے۔ اور وہ پہچانے نہیں جاتے۔ حسن رضا گردیزی نے ان کو پہچانا اور ان کی نشاندہی کی ہے۔

پیسہ مکے یا بیماری گھر اچ ڈیرہ لاوے
کوئی یار قریب نہ ڈھکے جیہڑا حال ونڈاوے
کنبے ڈکے تھڈے کھاوے، قدم قدم تے باہوے

حسن رضا گردیزی نے دنیا کو بہت قریب سے دیکھا ہے ان کا خیال ہے کہ ساری بے انصافیوں، دکھوں اور تکلیفوں کے باوجود ایک پاک صاف اور اچھی زندگی گذاری جا سکتی ہے۔ لیکن وہ اس دنیا کو ایک "بندی خانہ" سے تشبیہ دیتے ہیں۔ اور اس "بندی خانے" میں سے وہ شاید باہر آنا بھی نہیں چاہتے۔ یہ "بندی خانہ" ایک بڑا قید خانہ بھی ہے۔ ایک پرانی

جھونپڑی بھی ہے اور انسانی جسم بھی جس میں شاعر کی روح تکلیفیں اور عذاب سہتی ہے لیکن اس سے اسے محبت بھی ہے۔ "بندی خانہ" ایک علامتی نظم ہے۔

ایں دنیا دا کھٹیا وٹیا میڈا بندی خانہ
یاد کراں تاں یاد نئیں آندا کتنے ڈینہہ تے کتنیاں راتیں
ایں بندی خانے وچ گزرن
ایں وی ہک ہک سلھ دی سانبھ کریندیں
صاف کریندیں پاک کریندیں
جھاڑو وڈیندیں

انسان نے اس دنیا کو سنوارنے کے لئے کیا کیا کچھ نہیں کیا۔ اس حقیقت کو شاعر نے بڑے خوبصورت انداز میں بیان کیا ہے۔ اس کے بعد انسان کو دنیا سے جو انفرادی اور اجتماعی محبت ہے۔ اس کا اظہار اپنے خاص انداز میں کرتے ہیں۔

میں کافر نے انپیڑا بندی خانہ کعبہ جاتا
عمر گذاری ایں کعبے دے روز غلاف وٹیندیں
ایں دی چھنڈک پھوک دے کیتے
کوڑ فریب کمیندیں۔ سودھر تال کریندیں

اس کے علاوہ انسان کی مسلسل کوشش اور ایسے انسانوں کے مرتبے کا ذکر کرتے ہیں جنھوں نے اس بندی خانے کی تعمیر اور نگہداشت میں حصہ لیا ہے شاعر ایسے انسانوں کو لافانی سمجھتا ہے۔

Scanned with CamScanner

وقت دا فاصلہ میڈے کیتے بے مطلب بے معنی
حوراں جن فرشتے میڈی راہ تے ڈیوے بالن
میڈے کیتے سکدیاں راہواں جنت دیاں گلزاراں
میں نوری لاہوتی پکھی میڈیاں عرش اڈاراں
ول وی میکوں بھاون بندی خانے دیاں دیواراں

اس کے بعد انسان کی آزادی کے جذبے اور عزم کا ذکر بڑے اعتماد کے ساتھ کیا گیا ہے۔

جے تک دنیا قائم رہوے
جے تک چندر تے سورج چمکن
دل آہدے ایں بندی خانے دے وچ وقت گذاراں
اوکھا تھیواں تُھڈے کھاواں
قدم قدم تے بہہ بہہ رہواں
ہر حالت وچ جیویں کیویں
قید کولوں آزاد نہ تھیواں

لیکن یہ جھوٹی دنیا اور انسان کا فانی جسم وقت گزرنے کے ساتھ اپنی آخری منزل کی طرف بڑھتے جاتے ہیں۔

ہنڑ ایں بندی خانے دے ایَریاں وچ لہہ گئے پازطی
سِوِی کھا گئی کڑیاں کوں شہتیر نہ چاون بارے
بُوہے ڈُھہ گئے، کندھیاں بُھر گیاں روشندان سدھارے
ڈھندے گھر کوں پشتی ڈے سن کیہہ تائیں چُونے گارے

اس پرانے گھر کی ایسی ابتر حالت ہوگئی ہے لیکن دنیا سے محبت کرنے

والے انسان اپنی فطرت سے باز نہیں آتے۔

ول وی ڈیرے لائی بیٹھاں
درُوہ دے جال کھنڈائی بیٹھاں
قیدی ہاں تے قید دے اندر
دین ایمان ونجائی بیٹھاں

اس کے بعد نتیجے کے خوف کا اظہار کرتے ہوئے نظم کو بڑے پر اثر انداز میں ختم کیا گیا ہے

ایں جھورے وچ مرداوینداں
بندی خانہ ترٹ نہ پووے
قید دی مُدت کُھٹ نہ پووے
ایں دنیا دا کھٹیا وٹیا میڈا بندی خانہ

اس نظم میں بیان نہ کرنے کے باوجود بڑی طاقتوں کی آپس میں جنگ انسان دوست طاقتوں کی آپس میں جنگ، انسان دوست طاقتوں کی کوشش امن، اور ہر قسم کی سیاسی، اقتصادی، بین الاقوامی کشمکش ایک علامتی انداز میں ظاہر کی گئی ہے۔ اور دنیا کے مستقبل کے بابت ان خطروں کا اظہار کیا گیا ہے۔ جن کی وجہ سے ساری دنیا میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ پوری نظم ایک علامت بھی ہے اور طنز بھی۔ اس نظم میں انسان کی جسمانی بیماریوں اس کے علاج کی کوششوں اور اس سلسلے مَیں کامیابیوں اور ناکامیوں کا بیان بھرپور طنزیہ انداز میں پایا جاتا ہے۔ اس کی علامت کا ایک رخ یہ بھی ہے۔

Scanned with CamScanner

ایسی سوچ والے انسان دنیا میں رہتے ہوئے اکیلے ہوتے ہیں۔ ان کی تنہائی میں ایک دنیا آباد ہوتی ہے۔ لیکن دنیا کو اتنی فرصت کہاں کہ ان اخلاقی قدروں کی بات سوچنے کا وقت نکال سکے جن سے یہ تنہا انسان اپنی نیا آباد کئے ہوئے ہیں۔

جب حسن رضا اپنی اس خیالی دنیا سے باہر آ کر دیکھتے ہیں کہ دنیا اپنی اس رفتار پر چل رہی ہے تو انہیں مایوسی ہوتی ہے اور وہ ایک کرب سے گزرتے ہیں۔ وہ سوچتے ہیں آج کی دنیا میں علم، ترقی کی معراج تک پہنچ چکا ہے۔ لیکن انسان اسی طرح مطلبی خود غرض اور شر پسند ہے۔ اور وہ علم اور سائنس کو اپنی تباہی اور بربادی کے لئے استعمال کر رہا ہے۔

ایں تیڈے علم دی برکت ے کہ بے جان ہیں توں
ایہہ تیڈا علم ڈسیندا ہے کہ حیوان ہیں توں
ایہہ تیڈا علم ہے۔ چشماں، دی حیا دا دشمن
ایں تیڈے علم زیناں دے کلیجے پاڑے
ناگاساکی تے ہیروشیما دے جگے ساڑے
ایں تیڈے علم کوں فطرت دے اشارے کے نی
ایں تیڈے علم دیاں پلکاں تے ستارے کے نی
ایں تیڈے علم کوں کیا دید دی لذت دی خبر
ایں تیڈے علم کوں کیا درد تے فرقت دی خبر

ایسے علم کو حسن رضا گردیزی حجابِ اکبر سمجھتے ہیں جس سے انسان کی قدروں کو پہچاننے کی بجائے انسان جان بوجھ کر کنارہ کشی اختیار کرتا ہے۔ وہ علم جو انسان کے دل کو نور بخشتا ہے آج اس کی آنکھوں کا حجاب بن گیا

ہے۔

حسن رضا کی مایوسی اور ان کے دکھ کی وجہ یہ ہے کہ ان کا دل اور دماغ بیدار ہے۔ ایسی حالت میں ان کا نکتہ نظر وجودی نکتۂ نظر کے بہت قریب پہنچ جاتا ہے۔ ان کی ایک نظم "وچھوڑے" کے کچھ شعر اس حالت کی ترجمانی کرتے ہیں۔ "شاعر کی رات" ساری دنیا کی رات بن کر ہماری آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے۔

رات دا حال سنڑاواں تاں کلیجہ باندھے
رات سولاں تے عذاباں دے پٹوکے چاکے
ویڑھ گھن دی ہے میکوں چھل وانگوں
گھپ اندھاریاں دے سمندر ہوندن
ہر طرف مونجھاں دے طوفان گھر گھیر ڈسن
نہ کوئی لانگھا نہ راہ
جھا گنڑاں پوندا ہے ہک درد دا دریا میکوں جھاگ گھِن داں تاں فِر تھیندی اے

ایسی گھپ اندھیری رات جو دنیا کا مقدر بن چکی ہے، شاعر کے دل میں امید کی روشنی کو مدھم کرتی ہے اور وہ سوچنے لگتا ہے کہ کوئی ایسی دنیا بسانی چاہیئے جہاں اجالا ہی اجالا ہو۔ اسی دنیا کے تصور میں وہ چاہتا ہے کہ اس کا محبوب اس کے ساتھ اس خود غرض دنیا کو چھوڑ کر ایک ایسی دنیا بسائے جس میں امن و آشتی کا دور دورہ ہو

دور ہک وستی سُنڑیندی اے نصیباں والی

Scanned with CamScanner

ایں مصیب بھری دنیا دے کناریاں توں پرے
جتھاں ہر شاخ توں ملہار دے نغمے جھڑدن
جتھاں ہر شام کوں پریاں دی سبھا نچدی اے
جتھاں ڈوہونٹ محبت دے پیاسے ملدن
جا نجھراں پیراں دے وچ پا کے فضا نچدی اے
جتھاں انسان دی، انسان تے بیداد نئیں
جتھاں ہنجوں نئیں چیکاں نئیں فریاد نئیں
جتھاں ہر چیز اے سانجھی کوئی تقسیم نئیں
ہک دی توہین نئیں ڈوجھے دی تعظیم نئیں
جتھاں انسان دا دشمن نئیں انسان، چلوں!
آمیڈی جان چلوں!!

یہ زندگی سے فرار نہیں بلکہ امن و امان اور راحت سے بھری ہوئی زندگی کی تلاش کا احساس ہے۔ جس کی تہہ میں انسان کی بہتری کی تمنا کا جذبہ موجود ہوتا ہے جو شاعر کو جاگتے میں خواب دکھاتا ہے۔ ان خوابوں میں بھی شاعر مجبور انسانوں کی دکھ بھری زندگی کو بھول نہیں سکتا۔ اور اپنے محبوب کی موجودگی میں بھی دنیا کے پرفریب اور شر انگیز ماحول کے خیال سے باز نہیں رہ سکتا۔ نظم "مجبوری" کے کچھ شعر اسی سوچ کا مظہر ہیں۔

ہک بندہ تقدیر ملایا چندر کنوں دی سوہنڑا
چھنیل چھبیلا، بھولا بھالا، من بھاونڑا، دل موہنڑا
زلفاں لمبیاں، کالیاں راتیں، ٹھڈڑے گھپ اندھارے
نور دی نگری دے چوگردوں حبشی فوج دے پہرے

چہرہ نور دا بلدا ڈیوا، جے کوئی ڈیکھن چاہوے
اکھیاں دے وچ جھلمل تھی وے، دید تھیا کے کھاوے
روشن چہرے والا بندہ، جتھوں پھیرا پاوے
کافی دیر و نجڑدے بعد اُتھ نور نظارے آوے
طولکریندی ویسی اوندی حسن دی گاہل سہائی
رنگاں تے خوشبواں والی۔ سوہنڑی رام کہانڑی
حیف اے اوں نگری دے لوکو جتھاں اے دستورے
اے جیہاں سوہنڑا بندہ عزت ویچن تے مجبورے

اس طرح حسن رضا گردیزی خوابوں کی دنیا سے حقیقت کی دنیا کی طرف لوٹتے ہیں۔ ان کے کلام میں جگہ جگہ اس جھوٹی دنیا کے غلط نظام کو بدلنے کی خواہش ملتی ہے۔ ظاہر ہے جب وہ غریب کسانوں اور مزدوروں کی زندگی کی ناکامیوں اور نامرادیوں پر نظر کرتے ہیں۔ تو ان کی یہ خواہش خوبصورت لفظوں کا روپ اختیار کرکے نہایت پراثر الفاظ میں ظاہر ہوتی ہے۔ اس نظم میں جس کا عنوان "چیٹے بدل" ہے یہی انداز نمایاں ہے۔

جب ایک غریب اور مصیبت زدہ ہاری آسمان پر گذرتے ہوئے سفید بادلوں کو دیکھتا ہے جو زمین کی پیاس بجھائے بغیر، خوش بخت ملکوں کی طرف روانہ ہوتے ہیں تو وہ ضبط نہیں کر سکتا اور اس کے احساسات ایک فریاد کی صورت اختیار کر لیتے ہیں لیکن یہ فریاد ایک عزم اور استقلال بھی ظاہر کرتی ہے۔

میں آہداں ہاں چیٹے بدلو

Scanned with CamScanner

میکوں کیا جتھ وس آئے ہو
میڈی محنت گل گئی ساری
مِٹی دے وچ رل گئی ساری
میڈے گھر وچ دانڑے کے نی
میڈے ہوش ٹکانڑے کے نی
پیلی رنگت، حال فقیراں
میڈے گل وچ لٹکن لیراں
میڈی کھیتی جلدی پئی اے
کاں دی اکھ ٹکلدی پئی اے
میں کیا جانڑاں چٹے بدلو
کتھوں پانڑی چا آندے ہو
کتھاں وِنج وسا آندے ہو
کیویں دل پرچا آندے ہو

لیکن یہ پر عزم کسان ہمت نہیں ہارتا اور بڑے حوصلے کے ساتھ بادلوں سے خطاب جاری رکھتا ہے۔ اب اس کے لہجے میں ایک عزم اور تحکم ہے۔ جو سائنسی دور کے نئے انسان کی خصوصیت ہے۔

لیکن یاد رکھو اے بدلو
انپڑے طور طریقے بدلو
میں انسان ہاں طاقت والا
عزت والا، حشمت والا

میں فطرت دے پاڑے سیتے
میں جنگل وچ منگل کیتے
میں روحاں دے سینے ڈالے
میں راتیں وچ ڈیوے بالے
میں افلاک دے تارے تروڑے
میں طوفاناں دے مکھ موڑے
کوڑ دے نال جھگڑدا آیاں
میں صدیاں توں لڑدا آیاں
فطرت کوں مجبور کریساں
میں تہا کوں انصاف سکھے ساں
ہر جا حصے رسدی وسّو
کہیں مظلوم دا حق نہ کھسّو
انپڑے طور طریقے بدلو
چٹے بدلو! چٹے بدلو

اور آج کی دنیا میں مزدور اس دعوے کو پورا کر چکا ہے۔ کئی ترقی یافتہ ملکوں میں انسان علم محنت اور سائنس ایجادات کی مدد سے بڑے بڑے بے آب و گیاہ میدانوں پر مصنوعی بارش کے ذریعے سرسبز اور شاداب اور کھیتیاں لگا چکا ہے۔

حسن رضا گردیزی ایک ایسے شاعر ہیں جن کے کلام میں خالص شاعری کی مثالیں بھی ملتی ہیں۔ لیکن ایسی شاعری میں بھی ایک روحانی علم

Scanned with CamScanner

کا پہلو نظر آتا ہے دنیا کی موجودہ صورتِ حال کو بدلنے کے لئے ان کی فکر کا انداز رومانی ہو جاتا ہے اگرچہ ایسی نظمیں بظاہر خالص عشقیہ نظر آتی ہیں۔ لیکن ان میں بھی بین السطور بہت کچھ ہوتا ہے۔ مثال میں ایک نظم "اج دی رات" پیش کی جاتی ہے۔

میں انسان دی صدیاں دی تاریخ دا واقف کار آں
کھول شراب دی بوتل جانی سُنڑ میڈیاں گفتاراں
ایں دنیا دے لمبے قصے کیہڑا کھول سُنڑاوے
کتنیاں جھوکاں لڈ گیاں جانی کون حساب گنڑاوے
چندر دے پاسے ڈیکھ اے تیکوں سارا حال سنڑیسی
میڈمی ہر اک گاہل دی جانی اے تصدیق کریسی
چندر نے ڈٹھا کئی لوکاں نے پریت دیاں قسماں چائیاں
چندر نے ڈٹھا کئی لوکاں نے لا کے توڑ چڑھائیاں
چندر جہانگیراں کوں ڈٹھا۔ چندر فریدوں ڈٹھے
کئی سقراط ارسطو ڈٹھے، چندر فلاطون ڈٹھے
شیشے وانگوں گلبدناں کوں ناچ کریندے ڈٹھا
حسن تے شعر تے موسیقی کوں جھمریں پیندے ڈٹھا

لیکن یہ تنہا اور اکیلا انسان ایسی ذہنی کیفیت میں دنیا کی حقیقت کو نہیں بھول سکتا۔ تصویر کے دوسرے رخ میں نقوش اور بھی گہرے ہو گئے ہیں۔

دل ایں چندر نے قبراں ڈٹھیاں اوہی آخر گیاں

روپ نگر دیاں وسدیاں رسدیاں جھوکاں خالی تھیاں
ٹر گئے تے مر گئے لوکاں دیاں سب گالہیں بھل گیاں
یاد دے تانے پیٹے ٹرٹ گئے سب کڑیاں رل گیا

اس نظم کا آخری حصہ اور بھی پر اثر اور زور دار ہے۔

تیڈے میڈے بعد وی جانی آسن لکھ بہاراں
رنگ تے نور دیاں پینگھاں پوسن ساونڑ میگھ ملہاراں
تیڈے میڈے بعد وی جانی نوری راتاں آسن
ساڈے وانگ محبت کرنے والے چندر تلے آبہسن
کیہڑا ساکوں یاد کریسی کہیں کوں کیہڑمی پوسی
تیڈا میڈا ایں دنیا تے نام نسان نہ ہوسی
ایہہ دنیا ہے کوڑ تماشا غافل تھی ونج جانی
چندر دیاں کرناں لال شراب اچ گھول کے پی ونج جانی
کیہڑا کل دیاں سوچاں سوچے کیہڑا دل کوں لاوے
اج دی رات غنیمت جانوں کل آوے نہ آوے
دھرتی پئی سجھ دے چو گردوں سو سو چکر کھاسی
اج دی رات گولیندے رہسوں اج دی رات نہ آسی

یہ دنیا خود غرض، اقتصادی مفادات، ٹیکنالوجی کی اندھی مسابقت کے مقابلے، کاروبار اور اشتہار بازی کی کشمکش کی دنیا ہے۔ انسان اس دنیا میں مشین کی ایک معمولی پرزے کی حیثیت رکھتا ہے۔ جس میں سوچنے کی صلاحیت نہیں ہوتی آج کی دنیا میں بہت کم لوگ ہیں جو انسان کی بہتری،

Scanned with CamScanner

بھلائی اور امن و آشتی کے متعلق سوچتے ہیں ایسے لوگوں کی سمجھ میں اس دنیا کا نظام نہیں آتا۔ لیکن دنیا ان کے تصورات اور امنگوں سے بے بہرہ اور ان کے خیالات سے بے خبر آگے بڑھتی رہتی ہے اس لئے یہ لوگ اس بھری دنیا میں خود کو تنہا اور اکیلا سمجھتے ہیں۔ حسن رضا گردیزی بھی ایسے ہی دکھی اور تنہا انسانوں میں سے ایک ہیں جو اپنی خیالی دنیا میں رہتے ہیں۔ انھوں نے یہ دنیا اس لئے آباد کی ہے کہ دنیا کے غم و آلام اور انسان پر انسان کے مظالم سے بھاگ کر وہ اپنے تصور کی اس خوبصورت دنیا میں پناہ لے سکیں۔

میکوں بے یار و مددگار تے تنہا نہ سمجھ
ہر گھڑی نال میڈے رہندی اے محفل میڈی
توں میڈی خاک نشینی تے بہوں ترس نہ کھا
تیڈیاں سوچاں توں بہوں دور ہے منزل میڈی
میکوں انسان دا غم، درد دے نغمے ڈیندے
میکوں کھیں اے جہیں مقاماں دے اوتے گھن ویندے
جتھوں لاہوت دی منزل دے پیام آندے ہن
میکوں گذرے ہوئے لوکاں دے سلام آندے ہن

ان کی اس تنہائی میں کیسی انجمنیں سجتی ہیں۔ اس نظم کے اگلے حصے میں ملاحظہ فرمائیے۔

میڈے گھر نور دی برسات دے موسم ہوندِن
رات کوں عرش توں پریاں دے کھٹولے لاہندِن

رنگ نے نور دے چودھار پھاویں نچدن
ساز پازیباں دی جھنکار دی لَے تے وجدِن

اتنی خوبصورت تنہائی میں شاعر کن کن لوگوں کے ساتھ وقت گذارتا ہے اس کا بیان خود اس کے لفظوں میں دیکھئیے۔

سامنڑے تخت تے اقبال تے رومی ہوندن
میڈیاں پاسیاں اُتے عُرفی تے نظیری ہوندن
روز پینداں ہاں میں خیام تے حافظ توں شراب
میڈے گھر وجد تے عِرفان دی چھل آندی ہے
شعر تے فن دے پرستاراں دے میلے تھیندن
طاہرہ درد دے سازاں تے غزل گاندی اے

ایسی محفلوں سے باہر نکل کر جب وہ اپنے چاروں طرف کی دنیا پر نظر ڈالتے ہیں تو انکی حالت انہیں ایک گہری سوچ میں مستغرق کر دیتی ہے۔ انسان کی قسمت اور اُس کے مستقبل کے متعلق اُن کے دل میں شک اور اندیشے جنم لینے لگتے ہیں۔

اے انسان جیہڑے فٹ پاتھاں تے راتیں کوں سم دِن
سارا ڈِینھ سڑکاں، گلیاں، بازاراں دے وچ رُلدن
ایہہ انسان جنہاں دیاں صفتاں ڈنگراں کولوں اُتوں
ہِک منجھلا ہک پاڑیا چولا جُتّی پٹکے متوں
سیل تماشا ڈیکھن کیتے ہر جا تے کھڑوسندن
ٹُردی پھردی محنت کر کے انپڑا پیٹ بھریندن

پتھراں وانگوں پنڈے جیویں کھیں فنکار نے ڈھالے
پوہ دے لگراں جائے ہاڑدیاں دُھپاں ہاں تے پالے
ایہہ انسان جنہاں دی محنت عرش توں رزق لہاوے
ایہہ انسان جنہاں داکھٹیا ہر کوئی بہہ کے کھاوے
ایہہ انسان جنہاں دے، ہتھوں جھولیاں بھرن زیناں
ایہہ انسان جنہاں دے خون تے چل دیاں سب مشیناں
کیا آہدن کیا سوچ کریندین کون انہاں دی جاڑے
بخت والیاں دے. بخت سلامت کملے کن ڈورا نڑے

علم کے زور سے آج انسان چاند پر پہنچ چکا ہے لیکن اس کا دل زمین پر بسنے والے انسانوں کی ہمدردی سے خالی ہے۔ دنیا میں ہر جگہ جنگ کا خوف اور دوسرے عالمگیر مسائل کی الجھنیں، سوچنے والے انسانوں کے سامنے حل نہ ہونے والے مسائل بن کر ابھرتے ہیں۔ ایٹمی ہتھیاروں کو زیادہ موثر اور تباہ کار بنانے کی کوششوں سے انسان لرزہ براندام ہے اور انسانیت ایک پائیدار اور دائمی امن کے لئے دعا کر رہی ہے اور حسن رضا گردیزی جیسے انسان دوست اور روشن فکر لوگ اس اندھیرے میں ایک نئی پود پھٹنے کا انتظار کر رہے ہیں۔ وہ اس ظلمت کے تصور میں بھی ایک روحانی تجربے سے گزرتے ہیں۔

اج وی تیدطی راہ بھلیندے گزر گیا ڈینہہ سارا
اج دے ڈینہہ وی شام توں پہلے نظرم گھُپ اندھارا
پگواں دی منڑ تے نِندرائے بوٹے جھوٹے کھاندن

ایں ویلے دریاواں دے وچ پا زلمی ہولے ویندن
شام دے رتے بدل سیاہیاں وچ کجلاندے ویندن
دُھوڑاں دے وچ اُڈدے ذرے تھک کے پاہندے ویندن
تھوڑی دیر دے کیتے وقت دے پیراں وچ زنجیراں

سانولے پس منظر تے کالے جھاڑ ڈِسن تصویراں
پکھی جھاڑاں دے وچ اُڈ کے رین بسیرا لاہندن
اُچیاں بٹیاں توں اجڑاں دیاں چنڑکیاں وجدیاں آہندن
ہنڑاے چار چفیر افق تے کالی روہ اٹھی سن
دید دے سارے ہڈ کے بجھ سن تانگھ دے طاق ولیسن
جیویں کیویں جھاگ جھگیساں کل دیاں تانگھاں لا کے
رات دی پوڑھیاں توں لاہساں امید دے ڈیوے چا کے

حسن رضا کی شاعری کا مرکزی خیال امید ہے۔ نا امیدی کے کالے بادل میں وہ امید کی چمک دیکھ لیتے ہیں۔ اور اس چمک کو ساری انسانیت کے روشن مستقبل کی ضمانت سمجھتے ہیں۔ ان کے لئے حمبوب بھی امید ہی کا ایک روپ ہے۔ وہ محبوب کے ہجر میں اس کی طلب اور دوری کے غم میں، اتنے ہی غمگین ہو جاتے ہیں جتنا اس مفاد پرست اور خود غرض دنیا میں کوئی شخص امن کے لئے ہو سکتا ہے ان کے نزدیک امید کے یہ دونوں مظہر یکساں حقیقت اور معنویت رکھتے ہیں اور انہوں نے ایک جگہ محبوب کی جدائی کا اظہار ان الفاظ میں کیا ہے۔

تیڈے بغیر بہاراں دے رنگ، زرد اداس

Scanned with CamScanner

اداس جیویں رنڈیپے تے پہلی عید آوے
اداس عشق دے نفے، اداس حُسن دے رنگ
اداس لگدی اے، ایہہ ساری گاہل وات میکوں
اداس جیویں شہر ہاں تے شام دا ویلا
اداس جیویں وچھوڑے دی کالی رات میکوں
تیڈے بغیر ہے بے نور ذہن دی محفل
نہ زندگی نہ کوئی زندگی دا حاصل اے
عجب طرح دا سفر ہے کوئی نیں ساتھی
نہ کوئی راہ ڈسیندے نہ کوئی منزل اے
تیڈے بغیر ہے بے رنگ شاعری میڈی
اداس گھر تے سیالے دی چاندنی جیویں
اجاڑ گلیاں تے گھگھواں دیاں شام کوں گاہلیں
بغیر سازدے، بے تار راگنی جیویں

قدرتی جذبے کا اظہار کرتے ہوئے بھی حسن رضا اپنے سچے جذبوں اور نازک احساسات کو چھپا نہیں سکتے۔ ان کے لفظ خوبصورت، معنی سے پر اور جذبے اور شدت احساس سے زندہ اور پُراثر ہوتے ہیں۔ جب وہ اپنے خیالات اور احساسات اور جذبات کو شعر کا جامہ پہناتے ہیں تو ان کی نظر میں خالی شعریت ہوتی ہے۔ اور بقول خود ان کے شعر تحقیق اور علم کتابی کی وجہ سے بوجھ نہیں ہونے پاتا۔

شعر نہ تحقیقاں دا حاصل، شعر نہ علم کوں گولھے

شعر تنڑاواں روح دیاں چھکے شعر کتاب نہ پھولے

حسن رضا اکثر سچے جذبے کو شعر میں ڈھالتے ہیں ان کے خوبصورت اشعار کی تخلیق، ان کے نازک احساس درد مند دل اور بیدار جذبے کی یکجائی سے ہوتی ہے یہ عناصر ان کی نظم "شرمندگی" میں ایک خوبصورت توازن کے ساتھ گھل مل کر ظاہر ہوتے ہیں تو ہر لفظ اثر میں ڈوب جاتا ہے۔

زندگی میڈے کیتے ہاڑ دی ساڑو دھپ اے
سر تے سجھ، قدماں تلے سرخ انگارے جل دن
ایں مصیبت توں علاوہ میڈے چولے دے تلے
او جہنم جتھاں احساس دے بھانبھڑ بلدن
منہ جے کھولاں تے میڈی بھاہ دے سنہری لمبے
سوڑ ڈیندن، میڈی آواز کوں دیپک بنڑدن
جے کڈا نہیں میڈے ماحول تے وس پوویں ہا
انپڑے مونڈھیاں تے سیاہ رنگ دیاں بدلیاں چا کے

اور پھر محبوب سے خطاب کرتے ہیں۔

تو میڈی گاہل تے ناراض نہ تھیویں جانی
عشق دی سوچ دے انداز ہن اینویں جانی

یہ عشق صرف ایک انسان سے دوسرے انسان ہی کا عشق نہیں بلکہ اس میں انسانیت کا عشق بھی جھلکتا ہے۔ جس سے حسن رضا گردیزی کا دل کبھی خالی نہیں رہتا۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ حسن رضا کی شاعری کا مرکزی نقطہ عشق ہے جو ان کی فکر کا سہارا پاک امید کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ اس

Scanned with CamScanner

جگہ یہ خیال بھی پیدا ہوتا ہے کہ آخر وہ عشق کو سمجھتے ہیں کیا۔ اس کا جواب دریافت کرنے کے لئے انکی ایک خالص عشقیہ نظم "بحضور عشق" کا مطالعہ ضروری ہے۔

آمیڈے عشق آمیڈے اجڑے ہوئے گھر دی بہار
آمیڈے غریباں دا سہارا، بے کساں دا غمگسار
آمیڈے ہنجواں دی کنڑ مینڑ دار سیلا جل ترنگ
آمیڈے احساس دے بکھرے ہوئے سوہنے دا رنگ
آمیڈے کنعان دا یوسف زلیخا دا جمال
آمیڈے بازار دی رونق میڈے فن دا کمال
ایں اندھارے وچ جتھاں انسانیت ہے دربدر
کون لہندے تئیں سوا مجبور شاعر دی خبر

جیسا کہ اس سے پہلے بھی ظاہر ہو چکا ہے۔ عشق شاعر کی آخری آرام گاہ ہے۔ اور وہ سمجھتا ہے کہ ذاتی اور انفرادی مسائل کا حل عشق کے ذریعے تلاش کیا جاسکتا ہے۔ یہ احساس حسن رضا کی شاعری میں بین السطور پایا جاتا ہے۔ اور غالباً اقبال کے گہرے مطالعے کا اثر ہے لیکن ان کے کلام میں اس کا اظہار ببانگ دہل نہیں ہے ان کی شاعری میں اور خاص کر ان اشعار میں جو ابھی پیش کئے گئے جوش ملیح آبادی کے انداز کا پر تو پڑتا ہے لیکن یہ اثر صرف عشقیہ نظموں تک محدود ہے۔ ایک اور نظم "اج دی رات" جو حسن رضا کی کامیاب نظموں میں سے ایک اس اثر کی بھرپور نمائندگی کرتی ہے۔ جس طرح ان کی نظم "آمیڈی جان چلوں" میں اختیر شیرانی کی نظم۔ "اے عشق کہیں لے چل" کا انداز واضح طور پر

نظر آتا ہے لیکن ان کی اس قسم کی نظمیں "نقل" یا "کاربن کاپی" کی تعریف میں نہیں آتیں کیونکہ ان میں شاعر نے اپنے احساس کو اپنے انداز اور اپنی زبان کے مزاج میں ہی ڈھال کر پیش کیا ہے۔

جب شاعر اپنی شاعری میں اردو شاعری کے عام لفظی سرمائے کو سرائیکی زبان کے مزاج کے مطابق استعمال کرتا ہے تو گویا وہ ان الفاظ کو اپنے ماحول میں نئے مزاج اور نئی ضروریات کے مطابق استعمال کرتا ہے، اور یہی حسن رضا کی شاعری میں زبان کے استعمال کا کمال ہے۔ یہی کمال ہمیں سندھی زبان میں مولوی احمد ملاح کی شاعری میں پورے عروج پر نظر آتا ہے۔ اور ان دونوں زبانوں میں یہ دونوں شاعر اپنے اپنے انداز میں منفرد ہیں۔ اس رنگ میں بھی حسن رضا اپنی افتاد مزاج اور اپنے شاعرانہ نکتہ نظر سے قطع نظر نہیں کر سکتے۔ ان کی شاعری میں طبقاتی احساس بھی موجود ہے لیکن وہ اسے نہ صحافتی بناتے ہیں اور نہ پروپیگنڈے کا انداز اختیار کرنے دیتے ہیں۔ وہ ان باتوں کو زندگی کے عام مسئلے کی طرح دیکھتے ہیں وہ ان سے متاثر ہوتے ہیں اور اپنی شاعرانہ طبیعت اور فکر کا اثر زبان پر بھر پور انداز میں چھوڑتے ہیں۔ ہر سماج دو طبقوں میں منقسم ہے۔ ایک وہ جن کے پاس سب کچھ موجود ہے اور دوسرے وہ جو معمولی ضروریات زندگی سے بھی محروم ہیں دنیا کی ساری سماجی، اقتصادی اور انسان بیماریاں اسی فرق کے سبب سے وجود میں آتی ہیں۔ ہر مذہب ہر فلسفہ یا سیاست فکر اسی فرق کو مٹانے یا کم سے کم کرنے کیلئے بنی نوع انسان کو آمادہ کرتے ہیں لیکن انسان کی خود غرضی درمیان میں حائل ہوتی ہے۔

Scanned with CamScanner

دنیا میں ان دو طبقوں کی وجہ سے انسان کا انسان پر سے اعتبار اٹھ گیا ہے جیسا کہ ان کی نظم "نوکر دا بچہ" سے ظاہر ہے۔ اس نظم میں ہم ان دو طبقات کی ذہنیت کا فرق دیکھ چکے ہیں۔ لیکن شاعر کے دل میں تو ایک طوفان ہوتا ہے۔ اس کے دل میں رازوں کی ایک دنیا آباد ہوتی ہے۔ ایسے راز جو شاعر کے دل الاؤ کی طرح بھڑکتے ہیں۔ اس کیفیت کو بھی حسن رضا گردیزی نے اپنے خاص انداز میں بیان کیا ہے۔ ان کی نظم "دل دے راز" کے کچھ شعر قابل دید ہیں۔

میڈے دل اچ راز ہن لوکو
راز میڈے دمساز ہن لوکو
مُشکی پھنیر نائگاں وانگوں
سینے وچ لہراندے رہندن
چھجلیاں کڈھ کے پہرا ڈیندن
راز میڈے رت پی کے جیندن
میڈے ہونٹاں کوں سی چھوڑو
میں بولیم تاں بھانبھڑ بل سن
گھاٹیاں لال اندھاریاں گھل سن
اچیاں ماریاں لوڈے کھا سن
منبر تے محراباں ہل سن
تلویں، اتلی، ہک تھی ویسی
کجھ اے جہیں حالات بدلسن

رات دا رنگ غلابی تھی سی
شعلیاں دے گلزار نظر سن
ڈینہہ کوں اتنے سوجھلے ہوسن

ایسا ہی انداز ایک نرالے رنگ کے ساتھ ان کی نظم "سنجیاں سالھیں" میں نظر آتا ہے۔ اس نظم میں دیہات کے پورے ماحول کی تصویر کشی بڑی کامیابی کے ساتھ کی گئی ہے۔ شاعر لفظوں کے ذریعے ماحول کی جو عکاسی کرتا ہے وہ ایک

تھل دے ہاں وچ لگیاں جھوکاں
بلدی ریت دے بٹیاں پچھوں
بھر دیاں کندھاں، اجڑے کھولے
چھپڑ کاٹھ کباڑے متوں
وچ ہک اندھے کھوہ دا ٹویا
وقت تے ریت بھرے نت جیکوں
سامنڑے کھجیاں دا ہک جوڑا
ٹُر ٹُر ڈیکھے ایں سنج برکوں

اس منظر میں شاعر ایک ایسا رنگ بھرتا ہے جو مصوّر کے بس کی بات نہیں ہے۔ اس نظم کا منظر جامد نہیں ہے بلکہ متحرک ہے۔ تصویر اپنے پس منظر میں ابھرتی ہے جس سے ماحول میں نور اور سائے کی کیفیت سے ایک زندگی کی لہر دوڑ جاتی ہے۔ یہ بات مصوری کے ذریعے ممکن نہیں۔ یہ منظر اس کی تصدیق کرنے کیلئے کافی ہے۔

Scanned with CamScanner

آہدن پچھلی رات دے ویلے
جاں ایں رات دے ٹبے ٹھر دن
لہندے چن دیاں پیلیاں کرناں
سنجیاں سالھیں وچ آوڑدن
اسماناں توں پوڑھیاں لا کے
کئی انجانڑے بندے لہندن
گھنگھرو تے پازیباں وجدن
ایہہ ڈو کھجیاں لوڈے کھاندن
پیلا چن تے بڈڑے تارے
جھمریں پیندن، وجد اچ آندن
لیکن جاں ول پَو پھٹدی اے
ایہہ سب رونقاں ویندیاں رہندن
اناں سنجیاں سالھیں وچوں
روونڑدیاں آوازاں آندن

اپنی یادوں کو جذبات اور احساسات کی مدد سے ایسی سادہ اور پر اثر زبان میں بیان کرنا ہر شاعر کے بس کی بات نہیں۔ تھل کے سنسان ریگستان میں کھجور کے یہ دو پیڑ دو خاموش انسانوں کی طرح ابھرتے ہیں اور دو محبت کرنے والی روحوں کی علامت بن کر پڑھنے والوں کے دل و دماغ پر چھا جاتے ہیں۔ یہ بے مثال منظر نگاری ایک اور نظم "کچے بیٹ" میں نظر آتی ہے۔ یہاں بھی سادہ اور پر اثر انداز شاعرانہ ہے۔ شاعر کے ذریعے مصوری اور مصوری کے ذریعے شاعری کی گئی ہے۔ دریائے چناب کے

ایک بیٹ (جزیرے) کی تصویر کشی بھی ملاحظہ کیجیے۔

پار چناں دے کچے بیٹ اچ
فجریں کال کڑچھی بولے
روح دا چین، نگاہ دی ٹھاڈل
نتری، صاف، ہوا دے جھولے
سجھ دیاں کرناں، بدّلے اندر
رنگ برنگے بانڑیں کھولے
بانڑیں دیاں پھاٹاں نے پاتے
رَتے ساوے پیلے چولے
کھجیاں دے کئی ایر نظر دن
سامنڑے دور سیاہیاں اولے

شاعر صرف منظر کشی ہی نہیں کرتا بلکہ اس کے ساتھ ایک علامتی انداز بھی اختیار کرتا ہے۔ جس کی وجہ سے نظم میں زیادہ گہرائی پیدا ہو جاتی ہے۔ نظم کے اس منظر میں کھجور کے درختوں کے ساتھ دریا میں ایک کشتی بھی دکھائی گئی ہے اور ہم شاعر کے ساتھ سوچنے لگتے ہیں کہ گذرے ہوئے زمانے کی مضطرب اور مہجور روحیں بھی اس کشتی سے ضرور کوئی تعلق رکھتی ہیں۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کہ کشتی دریا کی لہروں پر نہیں بلکہ وقت کے سمندر کی موجوں پر ڈگمگاتی ہوئی آگے بڑھ رہی ہے۔ اور ان میں دو روحیں موت کے بعد بھی کسی انجانے کنارے کی طرف سفر کر رہی ہیں۔

یہ منظر دیکھنے دکھانے کے بعد شاعر سوچتا ہے کہ پو پھٹتے
کھجور کے ان درختوں کے آس پاس دریا میں خدا جانے ایسی کتنی کشتیاں

Scanned with CamScanner

ہوں گی جن میں غم زدہ اور مہجور روحیں محو سفر رہتی ہیں۔ اور اہل دل کو صبح کے خاموش اور پرسکون سمے میں نظر آجاتی ہیں۔ شاید ایسے منظر اہل دل صدیوں سے دیکھتے چلے آتے ہوں، یہ نظم اس طرح ختم ہوتی ہے۔

لوگ اتھوں دے آہدن بھولے
پچھلی رات کوں ظاہر تھیوے
اونھاں ڈو کھیاں دے اولے
آہدن پریت کوں موت نیں آندی
موت دے بعد وی ہوندن رولے

موت، محبت کو مات نہیں دے سکتی۔ اہل محبت کو گذرے ہوئے زمانے کی عاشق روحیں ہمیشہ خواب کی طرح قدرتی نظاروں کے زندہ ماحول میں جیتی جاگتی محسوس ہوتی ہیں۔ یہ ایک ایسا موضوع ہے جو شاعری میں بالکل نیا نہیں ہے لیکن اسے طلسماتی ماحول سے نکال کر احساسات کی دنیا میں لے آنا حسن رضا گردیزی کا کمال ہے۔ ان کی شاعری میں دیہات کے قدرتی نظارے بکھرے پڑے ہیں۔ خاص طور پر ان کی راتیں ایسے خوابوں سے پر ہوتی ہیں جو احساس اور امنگ کی شدت سے ابھرتے ہیں۔ ہر کوئی جاگتے میں خواب دیکھتا ہے۔ لیکن ان کے شاعرانہ انداز میں بیان کرنے پر قادر نہیں ہوتا۔ حسن رضا گردیزی نے اپنے نظم "رات دا راہی" میں ایسی ہی کیفیت کو بیان کیا ہے۔ جو اپنی مثال آپ ہے۔

پوہ دی ادھی رات دی ویلے
سر تے بار دی گنڈھڑی چا کے

تھل دے ٹبیاں دا ہک راہی
ٹردا آوے کنڈھ نوائی
مونڈھیاں تے ہک چادر موٹی
جرڑے ہتھاں دے وچ سوٹی

یہ راہی ہر شخص کے دل میں بیٹھا ہوتا ہے اور یادوں کے دھند لے میں خود کو گم کر کے گزرے ہوئے زمانے کا بار اپنے کمزور کاندھوں پر اٹھائے ہوئے نظر آتا ہے۔ لیکن ہمیں اس کا احساس اس وقت تک نہیں ہوتا۔ جب تک کوئی حسن رضا گردیزی ہماری توجہ اس طرف مبذول نہیں کراتا۔ اس طرح کبھی اچانک اس جان پہچان کے مگر اجنبی راہی سے تصور کے کسی موڑ پر ہماری ملاقات ہو جاتی ہے۔

صدیاں توں ایہہ کملے راہی
ایویں رات اچ ٹردے رہندن
سچ دے نور کوں گولنڑ کیتے
رات دے ہاں وچ ٹردے رہندن
رات نی مکدی۔ ڈینہہ نی تھیندا۔
اے ڈینہہ دے مردے رہندن
پر جیہڑے پھیرے لادیندن
وقت دے نال ابھردے رہندن
رات دے کالے سینے اُتے
چندر دے وانگ نکھردے رہندن

Scanned with CamScanner

آہدن جاں اتھ ڈینہہ تھی وے سی
ہر شے اصل روپ ڈکھے سی
رازاں دے دروازے کھلسن
لوک انھاں پیراں کوں چمسن

اسی طرح بہاولپور ملتان اور ڈیرہ جات کے ریگستانوں میں کھجور کے پیڑوں کے نظارے بڑے حقیقت پسندی کے ساتھ پیش کئے گئے ہیں۔ حسن رضا گردیزی کا انداز بیان ہر جگہ موثر ہوتا ہے۔ "تھل دیاں کھجیاں" کے عنوان سے ان کی ایک نظم کے ابتدائی اشعار پڑھنے والے کے ذہن پر ایک نقش چھوڑ جاتے ہیں۔

تھل دیاں کھجیاں بخت دے ساوے چھتر جھلیندیاں
سر اسمانا ں نال رلیندیاں
سجھ دی ساڑو دھپ دیاں دھیاں ریت دے ہاں دے کھیر تے پلیاں
ناں پانڑی دیاں تانگھاں رگھن
ناں قدماں وچ گوڈی منگن
لوک اناں دے میوے کھاون
ایہہ کہیں دا احسان نہ چاون
بادشاہ زادیاں رجیاں کجیاں تھل دیاں کھجیاں

حسن رضا گردیزی اپنے شاعرانہ تصور میں نہ جانے کیا کیا دیکھتے ہیں ایک نظم جو غزل کی ہئیت میں کہی گئی ہے۔ ان کا انداز بیان حقیقت دا افسانہ اور تصویر و تصور کے امتزاج سے مرتب ہوتا ہے۔ دیکھیئے ان کا مشاہدہ

کس کس طریقے سے تجربے کی صورت اختیار کر کے لفظوں میں ڈھلتا ہے اور ایک خوبصورت نظم تیار ہو جاتی ہے۔

کہیں کہیں ویلے سوچ سوچیندا ں کیا کیا تھیندا ڈٹھم
ہر شے وانگوں دین ایمان دا سودا تھیندا ڈٹھم
بکھ توں شعر تے فن کوں کوڈیاں دے مل وکدا ڈٹھم
علم آلیاں کوں بے علماں دے سہریاں لکھدا ڈٹھم
کوڑ دے سر تے بخت اقبال دا سایہ پوندا ڈٹھم
سچ کوں ہر میدان اچ بازی ہار کے روندا ڈٹھم
پیر فقیر سودا گر ڈٹھم موج بہاراں ڈٹھم
تن تے نوری جامے ڈٹھم کوٹھیاں کاراں ڈٹھم
ظالم بے دردی دنیا نے آخر لکھے نوحے
کتنے عالم فاضل بندے سڑکاں تے رل موئے
کتنیاں تانگھاں کتنیاں سدھراں زر توں صدقے تھیاں
کتنیاں بیراں رانجھے چھوڑ کے کھیڑیاں دے گھر گیاں

ہمارے دوست حسن رضا گردیزی کی سوچ اور مشاہدہ کچھ ایسے ہی واقعات یاد دلاتے ہیں۔ انہوں نے اپنی نرم و شیریں سرائیکی زبان اور اسی سوچ اور مشاہدے کے ذریعے ایسی پر اثر شاعری کی ہے کہ اسے ایک بار پھر پڑھنے یا سننے کے بعد کوئی بھول نہیں سکتا۔ کچھ ایسا ہی تاثر ہے جس کی وجہ سے مجھے یہ کہتے ہوئے ذرا بھی جھجک محسوس نہیں ہوتی کہ حسن رضا گردیزی

Scanned with CamScanner

ایسے شاعر سرائیکی اور علاقائی زبان ہی میں نہیں بلکہ ملک کی سبھی زبانوں میں مشکل ہی سے ملیں گے۔

الیاس عِشقی

العلم حجابُ الاکبر!

علم دا مانڑ نہ کر
علم ہے روح دا حجابِ اکبر
ایں تیڈے علم تیڈے دل کوں اندھارے بخشے
ایں تیڈے علم دی برکت ہے کہ بے جان ہیں توں
اے تیڈا علم فقط جسم پلیندے تیڈا
اے تیڈا علم ڈسیندا ہے کہ حیوان ہیں توں
اے تیڈا علم ہے چشماں دی حیا دا دشمن
اے تیڈا علم ہے بے فیض، وفا دا دشمن
ایں تیڈے علم زیناں دے کلیجے پاڑے
ناگا ساکی تے ہیروشاما دے جھگے ساڑے
ایں تیڈے علم کوں فطرت دے اشارے کے نی
ایں تیڈے علم دیاں پلکاں تے سِتارے کے نی
ایں تیڈے علم کوں کیا دید دی لذت دی خبر
ایں تیڈے علم کوں کیا درد تے فرقت دی خبر
ایں تیڈے علم کوں میں خاک برابر سمجھاں

Scanned with CamScanner

ایں تیڈے علم کوں میں جہل توں بد تر سمجھاں
آ تیکوں وجد تے عرفان دی دولت بخشاں
تیڈیاں چشماں کوں نمی ڈے کے مروّت بخشاں
آ تیکوں سوز تے الفت دے فسانے ڈیواں
آ تیکوں پیر فرید، ہنڑ ڈے ترانے ڈیواں
کوڑھ دھوواں تیڈے سینے دا اجالے ڈیواں
آ تیکوں حافظ و خیام دے پیالے ڈیواں
ہک کٹورے اُتوں سو علم دے دفتر واراں
دل کوں آزاد کراں، عقل کوں جَندرے ماراں
ساہمڑیں یار دے جھپ تال تے ٹھُمری گا نواں
جے مہربان نظر آوے تاں جھمریں پاواں
میں محبّت دا پجاری ہاں میڈی سیوا کر
علم دا مانڑ نہ کر
علم ہے روح دا حجابِ اکبر

بندی خانہ

ایں دنیا دا کھٹیا وٹیا میڈا بندی خانہ
یاد کراں تاں یاد نی آندا
کتنے ڈیہنہ تے کتنیاں راتیں
ایں بندی خانے وچ گذرن
ایندی ہک ہک سِلھ دی سانبھ کریندیں
جھاڑو ڈیندِین
صاف کریندیں پاک کریندیں
میں کافر نے انپڑا بندی خانہ کعبہ جاتا
عمر وہانڑی ایں کعبہ دے روز غلاف وٹندے
ایندی چھَنڈک پُھوک دے کیتے
کوڑ فریب کمینَدیں
سودھر تال کریندیں
میں امر اللہ۔ نور دا سایہ۔ لاثانی۔ لافانی
وقت تے فاصلہ میڈے کیتے بے مطلب، بے معنی
حوراں جن فرشتے میڈی راہ تے ڈیوے بالن

Scanned with CamScanner

میڈے کیتے سکدیاں رہون جنت دیاں گلزاراں
میں نوری لاہوتی پکھی میڈیاں عرش اڈاراں
ول وی میکوں بھاون بندی خانے دیاں دیواراں
جے تک دنیا قائم رہوے
جے تائیں چندر تے سورج چمکن
دل آہدے ایں بندی خانے دے وچ وقت گذاراں
اوکھا تھیواں تُھڈے کھا نواں
قدم قدم تے بہہ بہہ رہواں
ہر حالت وچ جیویں کیویں
قید کنوں آزاد نہ تھیواں
ہنڑایں بندی خانے دے ایریاں وچ لہہ گئے پانڑی
سوئی کھا گئی کڑیاں کوں شہتیر نی چیندے بارے
بُوہے ڈہ گئے۔ کندھیاں بُھر گیاں روشندان سدھارے
ڈھندے گھر کوں پشتی ڈیسن کے تائیں چونے گارے
ول وی ڈیرے لائی بیٹھاں
دروہ دے جال کھنڈائی بیٹھاں
ایں جھورے وچ مرداویندا ں

بندی خانہ ترٹ نہ پووے
قید دی مدت کُھٹ نہ پوے
ایں دنیا دا کھٹیا وٹیا میڈا بندی خانہ

Scanned with CamScanner

وچھوڑا

توں وچھوڑے دی کئی گال نہ کر
تیڈے دشمن وی نہ ایں درد دے واقف تھیون
تیکوں کیا حال ڈساں
میڈے ڈینہہ رات گذردن جیوں
تیڈے والاں دی سیاہی توں وی ودھ کے کالے
میڈے ڈینہہ ہن میڈی جان
خیر کجھ وقت گذرویندا ہے جیویں کیویں
شعر پڑھدے تیڈی الفت دے ترانے گاندیں
ڈینہہ بہر حال گذرویندا ہے روندیں کھاندیں
رات داحال نہ سنڑ
رات داحال سنڑا نواں تا کلیجہ باندھے
رات سولاں تے عذاباں دے پٹو کے چاکے
ویڑھ گھندی ہے میکوں چھل وانگوں
گھُپ اندھاریاں دے سمندر ہوندن
ہر طرف مونجھاں دے طوفان گھمر گھیر ڈسن
نہ کوئی لانگھا نہ راہ

جھا گنڑا پوندا ہے ہک درد دا دریا میکوں
جھاگ گھنداں تاں فدر تھیندی اے
توں میڈا چندر۔ میڈی روح دا نور
توں میڈے دل دا سرور
جے تصور وی تیڈا ساتھ نہ ڈیوے میڈا
کھاونجے رات میکوں

Scanned with CamScanner

فرار

آ میڈی جان چلوں
اتھاں مجبور ہے انسان چلوں
اتھاں چشماں دی حیا وکدی اے
اتھاں یاراں دی وفا وِکدی اے
اتھاں انصاف دا مُل پوندا اے
اتھاں تولنڑ دی ادا وِکدی اے
اتھاں زلفاں دیاں سیاہ راتیں دے سودے تھیندن
اتھاں چہرے دی ضیاء وکدی اے
اتھاں سچ آکھ کے منصور دے رُتبے مِلدن
اتھاں سقراط دا جام
حق پرستی دا انعام
اتھاں شاعر دا قلم وِکدا اے
اتھاں مُلاں دی عبا وکدی اے
اتھاں وک ویندا ہے ایمان چلوں
آ میڈی جان چلوں

دور ہک وستی سنڑیندی ہے نصیباں والی
ایں مصیبت بھری دنیا دے کناریاں توں پرے
جتھاں ہر شاخ توں نکھار دے نغمے جھڑدن
جتھاں ہر شام کو پریاں دی سبھا نچدی اے
جڈاں ڈوہوٹھ محبت دے پیاسے ملدن
جھانجراں پیراں دے وچ پا کے فضا نچدی اے
جتھاں ظالم نیں مظلوم نیں۔
جتھاں خادم نیں مخدوم نیں
جتھاں حاکم نیں محکوم نیں
جتھاں انسان تے انسان دی بیداد نیں
جتھاں ہنجوں نیں۔ چیکاں نیں۔ فریاد نیں
جتھاں ہر چیز ہے سانجھی کوئی تقسیم نیں
ہک دی توہین نیں ڈوجھے دی تعظیم نیں
جتھاں انسان دا دشمن نئیں انسان چلوں
آ میڈی جان چلوں

Scanned with CamScanner

مجبوری

ہک بندہ تقدیر ملایا، چندر کنوں وی سوہنڑاں
